بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسجد کی چھت پر نماز پڑھنے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

مسجد کی چھت پر نماز پڑھنا شرعا کیسا ہے؟

جواب

بلا ضرورت و حاجت مسجد کی چھت پر چڑھنا، نماز پڑھنا مکروہ و بے ادبی ہے، گرمی عذر نہیں ہے کہ اسکی بناء پر مسجد کی چھت پر نماز کیلئے چڑھنے کی اجازت ہو، کیونکہ عام طور پر ہونے والی گرمی سے بچنا راحت حاصل کرنا ہے اور یہ کوئی ایسی ضرورت نہیں جس کی وجہ سے ایک ممنوع کام کی اجازت دی جاسکے اس لئے مسجد کی چھت پر صرف گرمی کی وجہ سے فرض نماز یا تراویح پڑھنے کی اجازت نہیں ہے پھر مزید یہ کہ آج کل پنکھوں وغیرہ کی سہولیات بھی میسر ہیں جن سے گرمی کی تلافی ممکن ہوتی ہے لہذا صرف گرمی کی وجہ سے مسجد کی چھت پر نماز کیلئے چڑھنے کی اجازت نہیں ہے۔

البتہ بعض مساجد اس طرح کی ہوتی ہیں کہ ان مساجد کا صحن بھی نہیں ہوتا اور اندرونی ہال میں بھی ہوا کے آنے جانے کا کوئی خاص بندو بست نہیں ہوتا اور موسم گرما میں خصوصاً جبکہ لوڈشیڈنگ بھی ہو رہی ایسی مساجد کے ہال میں شدید و تکلیف دہ گرمی اور حبس کی کیفیت ہوتی ہے کہ جس کی وجہ سے مسجد کے ہال میں نماز ادا کرنا انتہائی مشکل اور دشوار ترین امر ہوتا ہے۔ لہذا اگر کسی مسجد میں اس طرح کی صورت حال ہو تو وہاں مسجد کی چھت پر نماز پڑھنے کی شرعاً اجازت ہوگی کیونکہ ضرورتاً مسجد کی چھت پر نماز ادا کرنا بلا کراہت جائز ہے۔

فتاویٰ امجدیہ میں سوال ہوا: مسجد کی چھت پر نماز پڑھنا، ناجائز ہے، یہ حکم عام مسجدوں کے لیے ہے یا خاص مکہ معظمہ کے لیے؟ اس کے جواب میں صدرالشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "مسجد کی چھت پر چڑھنا فقہاء نے مکروہ بتایا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر ضرورت نہ ہو تو نماز بھی مکروہ ہے، مگر جو مسجدیں دو منزلہ بنائی جاتی ہیں اس حکم سے مستثنی رہیں گی کہ اس کی بنا ہی اس غرض سے ہوئی۔ ردالمحتار میں ہے: رایت القھستانی نقل عن المفید کراھۃ الصعود علی سطح المسجد اھ ویلزمہ کراھۃ الصلوۃ ایضا فوقہ فلیتامل۔ وھو تعالیٰ اعلم۔" (فتاوی امجدیہ، ج 1، حصہ 1، ص 249، مطبوعہ مکتبہ رضویہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-133

تاریخ اجراء: 29 ربیع الثانی 1448ھ/12 اکتوبر 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net